نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

24ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

535/2010

رابطہ: کورٹنی بیعل

قائم مقام ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے ہنگامی خوراک کی اضافی امداد

اسلام آباد (24 ستمبر 2010ء) ___ امریکہ نے آج سیلاب زدہ علاقوں میں خوراک کی ہنگامی ضروریات کو پورا کرنے کی غرض سے واؤچرز کی فراہمی کیلئے 91 کروڑ 60 لاکھ روپے (10.7 ملین ڈالر) کی اضافی گرانٹ دینے کا اعلان کیا ہے۔ یہ واؤچرز امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کے فوڈ پروگرام کا ایک حصہ ہیں۔

75 کروڑ چالیس لاکھ روپے (8.8 ملین ڈالر) اور سولہ کروڑ 20 لاکھ روپے (1.9 ملین ڈالر) کی دو الگ الگ گرانٹس سے یو ایس ایڈ کے اشتراکِ کار 350,000 ایسے لوگوں تک پہنچنے میں کامیاب ہوں گے جن کے روزگار حالیہ مون سون سیلاب سے متاثر ہوئے تھے۔ ان واؤچرز سے مقامی خوراک خریدنے، خوراک کی عدم فراہمی کی صورتحال بہتر بنانے اور تاجروں اور خوراک کی منڈی کو تقویت دینے کی ترغیب ملے گی۔

امریکہ پاکستان کے عوام کو ہنگامی امداد کی صورت میں ساڑھے 29 ارب روپے (345 ملین ڈالر) سے زیادہ کی اعانت فراہم کر رہا ہے۔ امریکہ حلال کھانوں، تیار شدہ فولادی پلوں اور دوسرے بنیادی ڈھانچوں کی فراہمی کی شکل میں دیگر فوجی ساز و سامان بھی مہیا کر رہا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ سامان کی فضائی منتقلی اور لوگوں کو محفوظ مقامات پر لے جانے کے عمل میں بھی معاونت کر رہا ہے جس پر پانچ ارب روپے (59 ملین ڈالر) کی لاگت آئی ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800